Mr. Chairman: It has been moved by Mr. Gohar Ayub Khan that the bill further to amend the Territorial Waters and Maritime Zones Act, 1976 [The Territorial Waters and Maritime Zones (Amendment) Bill, 1997] be passed.

*(The Bill was passed).*

Mr.Chairman: The bill stands passed.

یہ کام تو ہو گیا۔ ڈاکٹر عبدالحئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب والا! میں اس معزز ایوان میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ آٹے کا جو بحران ہے ' اس وقت دونوں ایوانوں کے اجلاس ہو رہے ہیں ' اس کے باوجود حقیقت یہ ہے کہ یہ بحران بڑھ رہا ہے کم نہیں ہو رہا ہے۔ پہلے تو سمجھتے تھے کہ صرف کوئٹہ میں بلوچستان کی حد تک ہے ' اب تو لوگوں نے جھگڑے شروع کر دیئے ہیں ' قطاریں تو اس حد تک ہیں کہ وہ حساب سے باہر ہیں۔ Que میں لوگ کھڑے ہیں ' جب کسی کو نہیں ملتا ہے تو آپس میں لڑ لیتے ہیں' ایک فساد کا سلسلہ شروع ہے۔ ملز والے بھی فریاد کر رہے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہماری ملوں کو آگ لگا دیں۔ فرنٹیئر میں تو میں نے سنا ہے کہ ایک جگہ پر 20 کلو آٹا 245 تک ہے اور بلوچستان کوئٹہ میں تو 180 تک میں نے خود خریدا ہے۔

جناب چیئرمین۔ ایک کلو آٹا؟

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ نہیں جناب 20 کلو کا جو تھیلا ہوتا ہے۔ یہ ایک بنیادی مسئلہ ہے۔ آپ سب جانتے ہیں کہ پاکستان میں سب سے زیادہ food یہی ہے ' ہمارا غریب کا تو یہی ہے کہ آٹا۔

جناب چیئرمین۔ امیر کا بھی یہی ہے' غریب کا بھی یہی ہے 'سب کا یہی ہے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ نہیں امیر کا پھر بھی اور معاملہ ہے ' ان کا تو پھر بھی یہ ہے کہ سبزی کھا لیتے ہیں' گوشت کھا لیتے ہیں اور کوئی ابلی ہوئی چیزکھا لیتے ہیں' کیک کھا لیتے ہیں' پیسٹری کھا لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ کیک بھی آٹے سے ہی بنتا ہے' میدے سے بنتا ہے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ مگر جناب اس کا تو بُرا حال ہے جس کا سارا گزارہ روٹی پر ہے۔ 80 فیصد '90 فیصد کا اسی پر گزارہ ہے۔ میں کہتا ہوں جناب یہ اہم مسئلہ ہے اس پر توجہ دی جائے اور اس کی statement آنی چاہیئے کہ کب تک اس crisis پر قابو پا لیں گے۔ تاکہ لوگ مطمئن ہوں' عام شہری ' عام آدمی جو بیچارہ مزدور ہے' کسان ہے ' ہاری ہے یا چھوٹے ملازمین ہیں سارے پریشان ہیں۔ لوگوں کا زیادہ وقت Que میں ضائع ہو جاتا ہے اور ملتا بھی کچھ نہیں ہے۔ پاکستان کے لوگ چاول پر گزارہ نہیں کرتے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے ' صحیح بات ہے۔ جی جناب رضا ربانی صاحب۔

میاں رضا ربانی ۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا نہایت شکر گزار ہوں ۔ اس موضوع پر میں صرف اتنا عرض کرنا چاہوں گا کہ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کی بے حسی اس سے ظاہر ہوتی ہے کہ اتنا عرصہ گزر گیا ہے اور انچارج وزیر خوراک کو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ وہ آیا قومی اسمبلی کے اندر یا سینٹ کے فلور کے اوپر ایک comprehensive statement اس مسئلے پر دیں اور سوائے اس کے کہ انہوں نے ایک پریس کانفرنس کی جس میں انہوں نے کچھ صحیح' کچھ غلط باتیں کر کے مسئلے کو دبانے کی کوشش کی۔ اس کے باوجود کہ کل فاضل وزیر خارجہ نے یہ بات کہی تھی کہ وزیر خوراک سے درخواست کریں گے کہ وہ آکر ایک پالیسی بیان دیں۔ لیکن آج بھی وزیر

خوراک موجود نہیں ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** آج انہوں نے خصوصی درخواست کی ہوئی ہے' وہ کانفرنس ہو رہی ہے۔

**میاں رضا ربانی ۔** بہرحال میں اس ضمن میں دوسری بات کرنا چاہوں گا کہ کل جب فاضل وزیر خارجہ بیان دے رہے تھے اور آج وہ بیان اخبارات میں بھی شائع ہوا ہے۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ آٹے کی سمگلنگ across the border ہو رہی ہے اور یہ سمگلنگ افغانستان کے لیے بھی ہو رہی ہے' اور دوسری جو republics ہیں وہاں پر ہو رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ یہ سمگلنگ ٹرکوں کے ذریعے ہو رہی ہے۔ پہلی بات تو یہ سامنے آتی ہے کہ اگر حکومت کو اس بات کا علم ہے کہ سمگلنگ ہو رہی ہے اور وہ بھی پکے راستے کے ذریعے ہو رہی ہے۔ کیونکہ لازمی بات ہے کہ چالیس ٹن کے ٹرک چوری چھپے تو نہیں نکل سکتے۔ اس میں جو بات ہم نے پہلے کہی تھی کہ یہ تمام کی تمام' inter-provincial trade کو جو کھولا گیا ہے' وہ اس لئے کھولا گیا ہے کہ کچھ بزنس کو اور کچھ سمگلرز کو تقویت دی جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وزیر خارجہ صاحب کا جو بیان تھا' کیونکہ وہ نہایت ہی سچ گو آدمی ہیں'اس سے ہمارے اس argument کو تقویت ملتی ہے۔ اور اس argument کو مزید تقویت اس طرح بھی ملتی ہے کہ چند دن پہلے اخبارات میں یہ بات بھی سامنے آئی تھی کہ حکومت پنجاب کے ایک وزیر کی مل اور کچھ ٹرک seal کر دی گئی تھیں' اس بنیاد کے اوپر کہ وہاں سے آٹے کی سمگلنگ کی جا رہی تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ ڈان 30 مارچ کی طرف دلاؤں گا' جس میں ایک اور خبر ہے ' صوبائی وزیر کی تو ایک خبر تھی لیکن 30 مارچ کے ڈان کی یہ خبر ہے

"MNA's Mill sealed for flour smuggling. Three flour mills including one owned by a PML(N) MNA have been sealed by the Food Department on the charge of smuggling wheat to the NWFP."

اور وہاں سے جیسے کل فاضل وزیر صاحب نے فرمایا تھا کہ وہاں سے آٹا افغانستان جا رہا ہے۔ تو ان تمام کی تمام رپورٹوں سے یہ بات ویسے ہو جاتی ہے کہ حکومت کے اپنے لوگ اس سمگلنگ کے اندر involve ہیں اور یہ جو shortage ملک میں پیدا ہو رہی ہے' یہ جان بوجھ کر پیدا کی جا رہی ہے۔ حکومت کے جو ارکان ہیں ان کی پشت پناہی حکومت خود کر رہی ہے اور ان کو shelter دے رہی

ہے۔ ان کے اپنے لوگ اس سمگلنگ میں ملوث ہیں۔ آٹے کا crisis اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ آج وزیر خوراک جو یہاں پر موجود نہیں ہیں، نہ قومی اسمبلی میں کوئی بیان دیا، نہ سینٹ میں کوئی بیان دیا نہ انہوں نے یہ بتایا کہ حکومت کیا ٹھوس اقدامات تجویز کر رہی ہے۔ تو لہذا میں سمجھتا ہوں کہ یہ مناسب وقت ہو گا کہ اگر انچارج وزیر خوراک جو ہیں وہ اپنی resignation پیش کریں۔ کیونکہ

she has totally failed to control the Aata crisis in the country and as it has been very rightly pointed out by some of their own MNAs on the floor of hte National Assembly.

کہ یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ مارچ کے مہینے کے اندر آٹے کی shortage ہوئی ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا نہایت ہی شکر گزار ہوں۔

**جناب چیئرمین۔** جی اسی آٹے پر بات کریں گے۔ جی جناب اکرم شاہ صاحب۔

**جناب اکرم شاہ ۔** شکریہ جناب چیئرمین! میں صرف اتنی گزارش کروں گا کہ حکومت کی طرف سے اگر کوئی ایسی statement آ جائے، جو کہ عوام کے لئے اطمینان بخش اور قناعت بخش ہو۔ اب تک جتنے بیانات دیئے گئے ہیں کہ آٹے کی سمگلنگ ہو رہی ہے، ہم لوگ جو بارڈر کے قریب رہتے ہیں یہ آٹے کی سمگلنگ آج سے نہیں بلکہ یہ برسوں سے ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ اب تو سمگلنگ ہو رہی ہے، پہلے سینکڑوں ٹرکوں کے پرمٹ دیئے جاتے تھے یہ آٹا سرحد کے پار لے کے جایا جاتا تھا۔ اب لوگوں میں ڈر اور خوف بھوکا مرنے کا ہے۔ تو میری گزارش ہے کہ حکومت کی طرف سے کوئی ایسی statement آئے کہ ملک میں واقعی آٹا short ہے یا یہ ایک مصنوعی بحران create کیا گیا ہے۔ یا کہیں ایسا تو نہیں ہے، لوگوں کو یہ خوف بھی ہے کہ آٹے کی بوری 1200 روپے تک پہنچانے کے بعد جب اس کو 800 پر لائیں گے تو لوگ بہت خوش ہوں گے، اور حکومت کو credit ملے گا کہ آٹا سستا ہو گیا۔ تو اس طرح کا ایک اطمینان بخش اور قناعت بخش بیان آنا چاہیئے۔ اب تک جتنے بیانات دیئے گئے ہیں جناب کہ آٹے کی سمگلنگ ہو رہی ہے، آٹا فلاں جگہ جا رہا ہے، یہ ہمارے عوام کے لئے قناعت بخش نہیں ہے۔ خصوصاً ان لوگوں کے لئے جو بارڈر کے قریب رہتے ہیں۔ کیونکہ برسا برس سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ کبھی پرمٹ کے ذریعے، کبھی سمگلنگ کے ذریعے، کبھی روا اور کبھی ناروا طریقے سے آٹا ملک سے باہر لے جایا جاتا

ہے۔ لیکن ایسا شدید بحران کبھی بھی پیدا نہیں ہوا۔ تو اس کے لئے حکومت سے میری گزارش یہ ہے کہ وہ کوئی ایسی statement دے جو کہ لوگوں کے لئے قناعت بخش ہو اور لوگوں میں جو ڈر اور خوف بھوکا مرنے کا پیدا ہو گیا ہے، تا کہ اس سے ان کی تسلی ہو جائے کہ حکومت کیا علاج کر رہی ہے، کب تک اس پر control ہو جائے گا۔ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ آٹے کی قیمت اتنی بڑھائیں اس کو 1200 سے 1500 تک پہنچا کے اور آخر میں یہ کہیں کہ 1000 روپے میں آٹے کی بوری ملے گی اور یہ credit لینا چاہیں کہ ہم نے آٹا سستا کر دیا۔ میری صرف اتنی گزارش تھی۔ شکریہ جناب۔

**جناب چیئرمین**۔ جی ڈاکٹر بلیدی صاحب۔

**ڈاکٹر محمد اسماعیل بلیدی** ۔ جناب چیئرمین! یہ ایک نہایت اہم مسئلہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ نئی حکومت کے لئے ایک آزمائش بھی ہے۔ نگران حکومت کے دوران جو وزراء برائے خوراک تھے، جو سیکریٹریز تھے، ڈائریکٹرز تھے وہ سب اس میں involve ہیں۔ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ وزیراعظم نے بھی صوبائی وزراء اعلیٰ کی ایک میٹنگ کی تھی، لیکن اب تک اس کا کوئی حل ہمیں نظر نہیں آ رہا ہے۔ یہ ایک بڑا سکینڈل ہے، اس میں بہت سارے لوگ involve ہیں، اربوں روپے کا غبن بھی ہو چکا ہے۔ میری یہ رائے ہے کہ فوری طور پر جن لوگوں نے غبن کیا ہے ، چوری کی ہے، اس محکمے کو باقاعدہ بیچا ہے، ہرصوبے میں اس کی انکوائری ہو۔ جو غریب لوگ مزدور ہیں، جن کی تنخواہ ڈھائی ہزار، تین ہزار ہے روپیہ ہے تو وہ کس طرح ایک بوری آٹا 1200 روپے پر خرید سکتے ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان میں لورا لائی، کوئٹہ، مکران، خضدار وہاں پر بھی روزانہ احتجاج جاری ہے۔ گورنمنٹ کوئی action لے ، جو کہ اب تک لینا چاہئیے تھا وہ اب تک ہماری نظر سے نہیں گزرا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سینٹ میں اور قومی اسمبلی میں بھی متعلقہ وزیرہمیں مطمئن کریں بلکہ اس کے لئے فوری طور پر ایک کمیٹی بنائی جائے جو صوبائی وزراء کو بلا کر ان کو تاکید کرے کہ ایک ہفتے کے اندر اندر یہ جو پریشانی ہے لوگوں کے لئے، اس کو حل کرنا چاہئیے۔ کیونکہ یہ کوئی معمولی مسئلہ نہیں ہے ، بہت بہت اہم مسئلہ ہے۔

**جناب چیئرمین**۔ جی جناب شفقت محمود صاحب۔

**جناب شفقت محمود** ۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ جناب اس کے بارے میں پہلے بھی میں

عرض کر چکا ہوں۔ ڈاکٹر بلیدی صاحب نے جو بات کی ہے اس کا ایک پہلو بہت اہم ہے اور اس پر حکومت کو تحقیق کرنی چاہئیے اور وہ یہ ہے کہ ماضی میں کیا ہوا ہے۔ یہ درست ہے کہ ماضی میں چند صوبوں میں اور خاص طور پر ایک صوبے میں جس کا مجھے ذاتی طور پرعلم ہے وہاں پر جو انچارج وزیر خوراک تھے، انہوں نے ہر بوری گندم کو بیچا، آٹا ملوں سے پیسے لئے اور بہت بدعنوانیاں کیں، انتہا کی بدعنوانیاں کیں۔ لیکن اس کا تعلق آٹے کے بحران سے کوئی اتنا direct نہیں ہے۔ تو جو ڈاکٹر بلیدی صاحب کہہ رہے ہیں وہ ضرور کرنا چاہئیے کہ جن جن لوگوں نے بدعنوانیاں کیں ان کی تحقیقات کر کے ان کو قرار واقعی سزا دینی چاہئیے۔ کیونکہ اس بدعنوانی کا scale بہت high ہے اور اس particular case میں تو مجھے پتہ ہے کہ نہ صرف یہ کہ scale high تھا بلکہ اس پیسے کے ساتھ کیا کیا گیا، اس بات کا بھی مجھے علم ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ جو موجودہ بحران ہے اس کے بارے میں ، میں پھر یہ گزارش کروں گا کہ یہ جو انتظامی کارروائیاں کی جا رہی ہیں، ان کا مقصد تو نیک ہے لیکن ان سے بڑا نقصان پہنچتا ہے۔ پہلے بھی یہ جو آٹے کی قیمت ساڑھے چھ روپے کرنے کی کوشش کی گئی۔ اب آپ دیکھئیے مارکیٹ میں حالات کیا ہیں کہ دس روپے، بارہ روپے، آٹھ روپے ، نو روپے جو کسی کی صوابدید ہے اس کے مطابق وہ charge کر رہا ہے اور ہم نے خود، میں نے خود اپنے گھر کے لئے آٹا دس روپےخریدا ہے۔ اگر مقصد یہ تھا کہ ساڑھے چھ روپے آٹا کیا جائے اور حالات یہ ہیں کہ actually آٹا دس روپے مل رہا ہے تو کیا فائدہ اس انتظامی کارروائی کا جس سے بجائے قیمت کم ہونے کے ، قیمت بڑھ جائے ۔ تو ساتھ ساتھ کیا کیا جا رہا ہے کہ یہ fair price shops کھولی جا رہی ہیں ضلعی انتظامیہ کے تحت وہ بھی فلور ملوں سے مجبوری کے تحت یا سختی کے تحت ان سے آٹا لے کے تو یہ ساری چیزیں جو ہیں ایک ایسا environment create کر رہی ہیں کہ جہاں پر جو فلور مل owner ہے اور جو ہول سیلر ہے وہ حکومت سے تعاون نہیں کر رہاہے اور اس کی خواہش یہ ہے کہ وہ جتنا آٹا ہے اس کو siphon off کر کے اس کو higher rates پر بیچے۔ تو میری گزارش یہ ہو گی کہ یہ دس پندرہ دن کی بات ہے اس کے بعد نئی crop آنی شروع ہو جائے گی۔تھوڑا اس معاملے کو صرف اور صرف انتظامی نقطہ نگاہ سے نہ دیکھیں اور اس سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا ، تھوڑا سا market forces کو operate کرنے دیں اگر آٹے کی قیمت ذرا بڑھتی ہے تو حرج نہیں ہے۔

تیسری بات جناب جو میں کرنا چاہتا ہوں جوکہ تھوڑی دور رس بات ہے لیکن کیونکہ وزیر صاحبان یہاں بیٹھے ہیں ۔ وہ یہ ہے کہ اگر عوام آج کل اس برے حالات میں آٹھ روپے ، نو

روپے ' دس روپے تک آٹا خرید رہے ہیں تو آپ کو یہ غور کرنا چاہئیے کہ farmers کو اگر آپ گندم کی قیمت جو ہے اچھی ادا کریں گے تو وہ اس سے گندم اگائیں گے ' اس سے آپ کی جو imported wheat ہے اس پر آپ کا انحصار ہے ' وہ کم ہو گا۔ اگر تھوڑی بہت آٹے کی قیمت بڑھتی ہے یہ کڑی گولی کھانی پڑے گی۔ ہم نے آٹے کی قیمت کو artificially ساڑھے سات روپے پہ رکھنے کی کوشش کی ہے بلکہ ساڑھے چھ پہ لانے کی کوشش کی ہے۔ یہ artificiality جو ہے اس کو ختم کرنا چاہئیے۔ چوبیس ارب روپیہ' ان حالات میں جبکہ آپ کا budget deficit اتنا زیادہ ہے۔ چوبیس ارب روپے subsidy ہم wheat پہ دے رہے ہیں اور اس چوبیس ارب میں ہم افغانستان کے لوگوں کو بھی subsidise کر رہے ہیں۔ ہم کچھ حد تک ایران میں subsidise کر رہے ہیں اور حیرانی کی بات ہے کہ کچھ حد تک ہندوستان میں subsidise کر رہے ہیں۔ اس لئے کہ وہ subsidy جو ہم نے built in کر دی ہے اس سے ہماری آٹے کی قیمت اتنی گر گئی ہے کہ جتنے ممالک ہمارے ارد گرد ہیں وہاں پر سمگلنگ کرنے کا اتنا زیادہ incentive ہے کہ لوگ سمگلنگ کرتے ہیں تو اس میں' میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ گورنمنٹ نئی نئی آئی ہے پانچ سال اس کے بقایا ہیں' شروع میں کچھ سخت فیصلے کرنے چاہئیں ۔ اس میں سے ایک سخت فیصلہ جو کرنا بہت ضروری ہے وہ یہ ہے کہ آپ کسان کو گندم کی قیمت زیادہ دیں' اس کو incentive ہو۔ اس وقت جناب 185 روپے میں کسان جو ہے اس کو ' میں آپ کو یقین سے کہتا ہوں میں خود farmer ہوں کہ آپ اگر گندم اگاتے ہیں تو آپ کو اس میں نقصان ہے' فائدہ نہیں ہے۔ آپ کی cost of production is higher than what the Government is paying to the farmer. So, therefore, اس کو کسی اچھی سطح پر لایا جائے دو سو پندرہ ' دو سو بیس تک تاکہ farmer سمجھے کہ یہ wheat ایک ایسی crop ہے جوکہ مجھے کچھ دیتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ تھوڑی سی آٹے کی قیمت کو بڑھایا جائے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا اگر اب بڑھی ہوئی ہے ' لوگ خرید رہے ہیں تو پھر بھی لوگ خریدیں گے۔ تھوڑی تکلیف ہوگی لیکن تکلیف کے بغیر تو کوئی بات نہیں بنتی۔ جب یہ تکلیف ہوگی اور ایک دفعہ یہ price higher level پر stabilize ہو جائے گی۔ آپ کی wheat کی production بڑھ جائے گی' آپ کی جو imported wheat کی requirement ہے وہ کم ہو جائے گی۔ آپ کی subsidy کے اوپر جو اتنا پیسہ جا رہا ہے وہ کم ہو جائے گا اور یہ ایک structural anomaly ہے۔ اس کو address کیا جائے اور اس کو ختم کیا

جائے اور یہ bold step لیا جائے کہ آٹے کی قیمت کو بڑھا کے farmer کو زیادہ پیسے دے کے
اس معاملے کو ختم کیا جائے۔ شکریہ جی۔

**Mr. Chairman:** Paracha Sahib. Since we have time, so we can indulge in this luxury.

**Mr. Saifullah Khan Paracha:** Thank you very much, Mr. Chairman. Without repeating what my other colleagues have said, I wish to add on this subject that in Quetta I contacted the Provincial Government and I requested them to buy wheat from Barkan and Estern Loralai. The fact is, sir, that Balochistan produces a lot of grain. Rice which is produced in Balochistan its market is in Sindh and statistically all the rice grown in Balochistan is shown as rice grown in Sindh. Similarly, barley, produced in Khuzdar area, especially, Wud and Awaran, goes to Karachi and is shown as produce of Karachi area and a lot of wheat is produced in Barkan and Eastern Loralai goes to D.G. Khan and again that product is shown as that is produce of Punjab. So, I recommended to them that the wheat crop is going to come and they should purchase the wheat so that we can overcome this problem of aata shortage. I was told by them it is a Federal subject and they cannot do it. So, I take opportunity of this House to convey it to the Federal Government that they should look into this matter and buy wheat from that area when the wheat becomes available. Secondly, Sir, I listened to my friend and brother Shafqat Mehmood. There is one more angle, the virus in the cotton crop. You will have to forego growing cotton for perhaps 3 to 5 years otherwise you will never get rid of that virus. Now should such an action be taken? Some other crops will have to be grown primarily the wheat and perhaps the oil producing crops. So, may be the government in a long policy specially with regard

to overcoming the virus problems should formulate a policy of growing more wheat so that we don't have to import wheat and at the same time satisfying the farmers so that they can grow wheat. So, these were things which I want to place before the House.

جناب چیئرمین۔ میرا خیال ہے کہ شفقت محمود اور آپ دونوں کو آج farmers convention پہ ہونا چاہئیے تھا۔ جی تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر ۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

Mr. Chairman: You are making very useful suggestions, they should listen to it. Yes please.

جناب تاج حیدر ۔ Crisis, production یا import کا نہیں ہے جو اصل crisis ہے وہ سمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کا ہے اور جب تک اس اصل crisis کو tackle نہیں کریں گے اس وقت تک ہم مختلف subsidies کے اوپر اور price of stabilization کے اوپر اور support prices کے اوپر بات کرتے رہیں گے۔

جناب چیئرمین۔ وہ سمگلنگ روکنے کا بھی طریقہ بتا رہے ہیں کہ اگر قیمت بڑھے گی تو سمگلنگ رکے گی۔

جناب تاج حیدر ۔ جی ہاں۔ میں اس میں ایک خطرہ یہ دیکھتا ہوں کہ اگر آپ پاکستان میں قیمت بڑھا دیں گے تو اس سے قریب کے ملکوں پہ اثر پڑے اور وہاں بھی قیمتیں بڑھ جائیں گی کیونکہ ان کی procurement price بڑھ جائے گی کیونکہ ان کا procurement پاکستان سے ہو رہا ہے جو ہم 600 million dollars foreign exchange خرچ کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ چلیں کچھ تو فائدہ ہو گا۔

جناب تاج حیدر ۔ اور اس کے اوپر چوبیس ارب کی subsidy Federal Government دے رہی ہے imported wheat کے اوپر تو وہ ساری کی ساری جو ہے وہ نہ صرف اپنے ملک کو بلکہ پڑوسی ممالک کو بھی مشکلات میں ہم ڈال دیں گے۔ اس کا واحد طریقہ یہ

ہے کہ ہم سمگلنگ پہ control کریں۔ محترمہ وزیر Agriculture نے چند دن پہلے پریس کانفرنس میں کہا کہ borders seal کر دیئے گئے ہیں۔ کل یا پرسوں محترم وزیر خارجہ نے فرمایا کہ چالیس، چالیس ٹن کے ٹرک جو ہیں وہ borders سے جا رہے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر borders seal کئے بھی گئے تو وہ اس طریقے سے seal کئے گئے ہیں کہ چالیس ٹن کے ٹرک جو ہیں اس کے اندر سے نکل جاتے ہیں اور بڑی بات یہ ہے کہ اس میں کوئی اس قسم کی بات نہیں ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں اور محترم وزیر خارجہ نے شکایت کی تھی کہ وہ جو عملہ اس چیز کا ذمہ دار ہے کہ وہ سمگلنگ کو روکے وہ عملہ خود ملوث ہوتا ہے۔ انہوں نے اس بات کو تسلیم کیا تھا۔ We can call the troops, sir, کہ ہم پاکستان آرمی کو یہ responsibility دے سکتے ہیں جو دس، بارہ exit points ہیں ان کو guard کریں اور یہ چیز گھنٹے دو گھنٹے کے اندر کی جا سکتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ وہ لوگ جن کی ذمہ داری یہ ہے کہ باہر سے آنے والے ٹینکوں کو ملک میں روکیں، وہ یہ بھی کر سکتے ہیں کہ یہاں سے جانے والے ٹرکوں کو روکا جائے اور پھر دوسرے phase کے اندر ہمیں ذخیرہ اندوزوں پہ اور یہ ذخیرہ اندوز بھی ہمیں پتا ہے کہ کہاں کہاں موجود ہیں۔ کم از کم سندھ کے جو ذخیرہ اندوز ہیں ان کی لسٹ تو فراہم کی جا سکتی ہے لیکن بہرحال جو پہلا step ہے کہ borders کو effectively seal کیا جائے اور جو step آج ہی اٹھایا جا سکتا ہے اس سے ایک reaction تمام ملک کے اندر ہو گا اور وہ یہ ہو گا کہ ہر ذخیرہ اندوز اپنی گندم جو ہے وہ باہر نکالنا شروع کرے گا۔ میں یہ تجویز دینا چاہتا ہوں اور میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ اس پر بلا تاخیر عمل کیا جائے۔ ہم مزید تبادلے کریں، اس کو ذمہ داری دیں اور اس کو ذمہ داری دیں، اس سے یہ نہیں چلے گا۔ ہمیں یہ ذمہ داری جو area commanders ہیں ان کو دینی چاہئیے کہ وہ ایک ٹرک بھی ملک سے باہر نہ جانے دیں۔

جناب چیئرمین۔ آفتاب شیخ صاحب۔

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Mr. Chairman, I am dilating entirely on a different point.

جناب چیئرمین۔ تو یہ point ختم ہو گیا ہے۔

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Not related to this point.

**جناب چیئرمین** ۔ تو پہلے یہ ختم کر لیں۔ ایک بات۔ جی خدائے نور صاحب ۔ایک منٹ جی گوہر ایوب صاحب، خدائے نور صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ let us finish one point then we go to the next point.

**جناب خدائے نور** ۔ جب سے ہم آئے ہیں سینٹ میں ، اسی دن سے گندم اور آٹے کا مسئلہ چل رہا ہے اور میں تو یہ کہوں گا کہ یہ گھمبیر سے گھمبیر تر ہوتا چلا جا رہا ہے ۔ حکومت کی جانب سے یہ کہہ دینا کہ یہ سمگل ہو گیا ۔ اس سے وہ بری الذمہ نہیں ہو سکتے اور ہم بھی بری الذمہ نہیں ہو سکتے کہ یہاں دھواں دھار تقریر تو کر لیتے ہیں اپنے لوگوں کو مطمئن کرنے کے لئے کہ میں نے سینٹ میں کہہ دیا ہے، اب مسئلہ حل ہو جائے گا ۔ لیکن حل ہوتا نظر نہیں آ رہا ۔ جہاں تک کہ سمگنگ کا تعلق ہے اس میں کوئی شک نہیں یہ آج نہیں، آج سے بہت پہلے سے ہوتا چلا آ رہا ہے۔ سیاسی رشوت کے طور پر پرمٹ دیئے جارہے ہیں۔ بلوچستان سے میرا تعلق ہے۔ جہاں بارڈر کی طرف سڑک جاتی ہے کوئٹہ سے۔ اس پر ہر بیس میل کے بعد ایف سی کی چیک پوسٹ لگی ہوئی ہے۔ ہر بیس میل کے بعد ایف سی والے بیٹھے ہوئے ہیں ۔ مجھے حیرانگی تو یہ ہے کہ جہاں ایف سی کی چیک پوسٹ ہے وہاں بھی سمگنگ ہو رہی ہے ۔ اور میں جناب چیئرمین ! آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ اگر میرے پاس ایک من آٹا ہے تو اس کو وہاں اتار لیا جاتا ہے کہ اتارو اس کو ۔ لیکن یہاں میرے دوستوں نے بھی کہا کہ ٹرک کے ٹرک وہاں جا رہے ہیں ۔ ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں ۔ کچھ نہیں پوچھا جاتا ۔ اور پھر یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بہت اوپن بارڈر ہے ۔ بالکل شک نہیں۔ بلوچستان میں اس وقت کوئی تیس ہزار کے قریب ایف سی ہے ۔ وہ کس واسطے بیٹھے ہیں ۔ انہوں نے کرنا کیا ہے ۔ ان کی ڈیوٹی ان حالات میں کیا ہے۔ ان کے فرائض منصبی کیا ہیں ۔ لیکن وہ اس سے ہٹ کر، پہلے کے دور کی میں بات کرتا ہوں، کہ عوام کو دبانے کے لئے ایف سی کو استعمال کیا جاتا تھا ۔ بجائے اس کے کہ اس کو بارڈر کے اوپر بارڈر کے ساتھ ساتھ وہاں لگا دیں تو سمگنگ رک جائے گی ۔ اگر واقعی کوئی مخلص ہے سمگنگ کو روکنے کا، یہ ایمان ہے ان کا کہ میں نے سمگنگ کو روکنا ہے اور میں نے چاول کو اور گندم کو باہر سرحد پار نہیں جانے دینا تو وہ روک سکتے ہیں ۔ لیکن روکا نہیں جاتا ہے اور یہ مسئلہ جناب چیئرمین ! گھمبیر سے گھمبیر تر ہوتا جا رہا ہے۔ آپ کے توسط سے میں

حکومت سے بھی ضرور کہوں گا کہ سمگلنگ کی روک تھام صرف زبانی کہہ کر بری الذمہ نہیں ہو سکتے ۔ سمگلنگ ہو رہی ہے۔ آپ روکیں۔ نہ جانے دیں ۔ اور اس وقت وافر مقدار میں ' میں آپ کو یہ یقین سے کہتا ہوں ' حالانکہ مجھے نہیں معلوم لیکن غلہ موجود ہے ۔ یہ ایک زرعی ملک ہے ' سب کچھ اللہ کا دیا ہوا ہے۔ لیکن سمگلنگ ' گھی کی سمگلنگ ہو رہی ہے ۔ آٹے کی سمگلنگ ہو رہی ہے ۔ چاول کی سمگلنگ ہو رہی ہے ۔ دالیں ہم باہر سے منگوا رہے ہیں۔ دالیں باہر سے آ رہی ہیں ۔ بھارت سے آتے ہوئے بھی وہ سمگل ہو جاتی ہیں ' افغانستان چلی جاتی ہیں ۔ اور جہاں تک میرے دوست شفقت محمود نے کہا ہے کہ ریٹ بڑھائیں ۔ مجھے یاد ہے جناب' ایوب خان کے دور میں بتیس روپے کی ڈھائی من کی بوری تھی۔ میں حیران تھا جب میں یہ سنتا تھا کہ بارڈر کے اس طرف سو روپے بکتی ہے۔ یہاں بتیس وہاں سو روپے پہ بکتی تھی ۔ آج یہاں چھ سو وہاں دو ہزار ۔ جتنا آپ یہاں ریٹ بڑھائیں گے ' اتنا ہی وہاں ریٹ بڑھیں گے ۔ یہ مسئلے کا حل نہیں ہے کہ آپ یہاں مزید ریٹ بڑھائیں یہ مسئلے کا حل نہیں ہے ۔ مسئلے کا حل یہ ہے کہ آپ ایک ایسا قانون بنائیں کہ جو بھی اشیاء خورد و نوش وہاں سمگل کرے اور وہ پکڑا جائے تو سزا ئے موت دیں اسے ۔ اس میں گندم بھی آئے ۔ اس میں چاول بھی آئے ۔ اس میں گھی بھی آئے ۔ اس میں دوسری ایسی چیزیں آئیں ۔ جب تک آپ یہ نہیں کریں گے ' یہ سمگلنگ ہوتی رہے گی ۔ پچھلے دور میں سیاسی رشوتیں اس بنا پر دی جا رہی تھیں کہ یہاں سو روپے کی بوری لے لو وہاں ہزار روپے کی بیچ دو ۔یہ بند ہو جانی چاہئیے۔ مجھے یقین ہے کہ اپنے اس دور میں شاید وہ اس طرف توجہ دیں ۔ یا انہیں شاید فرصت نہ ملی ہو تو ان کو اپنی پہلی فرصت میں اس طرف توجہ دینی چاہئیے ۔ سمگلنگ کو جب تک نہیں روکا جائے گا' یہ آٹے کا بحران رہے گا ۔

**جناب چیئرمین** ۔ شکریہ ۔ جی جناب حبیب جالب صاحب ۔ آپ رضا ربانی صاحب پھر اسی پہ بات کرنا چاہ رہے ہیں ۔ You got up, I thought you want عادت ہے ناں جی ۔ جی جناب جالب صاحب ۔

**جناب حبیب جالب بلوچ**۔ آ ٹے کے بحران سے متعلق بہت سے دلائل یہاں پیش کئے گئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں اس کی جو evolutionary accumulation process ہے اس کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہئیے۔ یہ بحران اس لئے پیدا ہوا ہے کہ بڑی مقدار میں permits

جاری کئے گئے جو سیاسی رشوت کی بنیاد پر تھے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ان فورسز کو تقویت دی گئی جو ذخیرہ اندوز تھے۔

**جناب چیئرمین**۔ یہ دونوں باتیں خدائے نور صاحب نے کر دی ہیں۔نئی بات کیا ہے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ**۔ نئی بات کی طرف جا رہا ہوں ۔ تیسری اہم بات یہ ہے کہ ہم بیک وقت دو ملک چلا رہے ہیں ایک officiallyاور دوسرا unofficially اس بات کو ذرا وزیر خارجہ نوٹ فرمائیں۔ چوتھی بات یہ ہے کہ فوری طور پر چند specialists کی ایک ٹیم بٹھا کر اس مسئلے کو حل کیا جائے۔

**جناب چیئرمین**۔ شکریہ ' .anybody else on this issue۔ جناب مسعود کوثر صاحب' آپ نئی بات کریں پرانی باتوں کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**سید مسعود کوثر**۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ جتنی ڈسکشن ہوئی ہے اس سے بعض چیزیں بڑی واضح ہو جاتی ہیں ۔ ایک بات سامنے یہ آئی ہے کہ اور بھی سمگلنگ ہوتی ہے لیکن اس وقت چونکہ گندم کی سمگلنگ کی بات ہو رہی ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ گندم کی سمگلنگ باہر ہو رہی ہے اور ظاہر یہ ہوتا ہے حکومت اس معاملے میں اپنی بےبسی کا اظہار کر رہی ہے ۔ اگر ایسی بات ہے اور پچھلی حکومتوں میں بھی اگر گندم کے معاملات' شاید وہ گنجائش کو بھی مدنظر رکھتے تھے کہ گندم سمگل ہو جاتی ہے اور اس کے باوجود کتنی ہمارے ملک کو درکار ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت یہ calculation کرنے سے قاصر رہی ہے کہ گندم کی سمگلنگ کو انہوں نے سامنے نہیں رکھا اور سمگلنگ اسی طرح ہو رہی ہے جس کی وجہ سے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں یہ مسئلہ حل ہوتا ہوا نظر نہیں آ رہا۔

دوسری بات یہ ہے کہ پنجاب یا دوسرے ایسے علاقے جہاں گندم زیادہ پیدا ہوتی ہے اور دوسرے صوبوں کو جاتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کا کوئی ریکارڈ ہونا چاہئیے کہ جب پنجاب سے گندم باہر جاتی ہے تو کہاں جاتی ہے صوبہ سرحد میں جاتی ہو گی یا بلوچستان میں جاتی ہوگی تو جو بھی گندم کا ریکارڈ ہے کہ ایک صوبے کی گندم دوسرے صوبے میں جاتی ہے سمگلنگ سے پہلے یہ ensure کرنا کہ وہ گندم کہاں کہاں جاتی ہے اور کہاں کہاں کی requirement ہے یہ ایسی چیزیں ہیں جن کا تعلق سمگلنگ سے نہیں ہے بلکہ ملک کے اندر جو بھی requirement ہے

اس کی proper implementation ہو جائے تو ٹھیک ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ جیسا کہ ہمارے دوست نے کہا کچھ long term policies ہیں اور کچھ short term policies ہیں ۔ long term policies میں تو ہم بہت سی باتیں کر سکتے ہیں مثال کے طور پر صوبہ سرحد اور ڈی آئی خان اور اس قسم کے بہت بڑے بڑے علاقے ہیں جہاں پر بدقسمتی سے بارانی ڈیم نہیں بنائے گئے، پانی کے ڈیم نہیں بنائے گئے، irrigation کے نہیں بنائے گئے۔ جہاں پر بہت بڑی زمینیں flat areas ہیں اور وہاں پر گندم اگائی جا سکتی ہے اور صرف ایک صوبے پرہمیں انحصار نہیں کرنا پڑے گا۔ یہ تو long term policies ہیں لیکن short term policies میں، میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ایک بڑی emergency قسم کی situation ہے اور جس طریقے سے موجودہ حکومت اس کو leisurely لے رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کے لئے اچھا نہیں ہوگا۔ آج جب کہ دو تہائی کی اکثریت سے ایک ترمیم ہوئی ہے تو لوگوں کو اس ترمیم کی خصوصیات کی بجائے آٹے کی طرف متوجہ کیا جا رہا ہے اور یہ مسئلہ اتنا سنجیدہ ہو جائے گا کہ حکومت کے لئے ایک بہت بڑا چیلنج بن جائے گا۔ اس لئے میں یہ درخواست کروں گا کہ یہ بڑا سنجیدہ مسئلہ ہے اور اس کو انتہائی اہمیت دی جائے اور top priority پر war footing پر اس کے ساتھ لڑا جائے تاکہ اس کا کوئی حل نکل سکے۔

**جناب چیئرمین۔** شکریہ، حاجی جاوید اقبال صاحب۔

**حاجی جاوید اقبال عباسی۔** جناب والا! ہر روز آٹے کا مسئلہ سامنے آ رہا ہے یقیناً ملک کے اندر جس طرح amendment ہوئی ہے وہ کہتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کی مدد تھی اور یہ ترمیم جو آئی ہے یہ اللہ تعالیٰ کی مدد سے اور وزیر اعظم کی کوششوں سے آئی ہے۔ اس میں آٹے کا ایشو نہیں ہے۔ یہ آٹے کا ایشو کب اور کہاں سے شروع ہوا یہ میں نے اس دن بھی آپ سے عرض کی تھی، آپ کہیں گے کہ یہ پھر پرانی بات ہے ۔ جناب والا! ہم کہتے ہیں پانچ نومبر سے پہلے کی تمام تفصیلات ایوان کی میز پر رکھی جائیں کہ ان تین سالوں میں کتنی گندم ، کتنے پرمٹ، کس کے نام اور کس کس کو دیئے گئے اور آٹا کہاں کہاں اور کن صوبوں میں دیا گیا تو میں عرض کروں گا جی کہ یقین کریں کہ ہمارے لئے یہ پریشانی ہوتی ہے کہ صبح سے لیکر اس وقت تک میں ایک گھنٹہ لیٹ آیا ہوں ہمارا NA-12 جتنا بھی ایریا ہے جو Prime Minister of

Pakistan کا حلقہ ہے NA-12 اس میں لوگ چلا رہے ہیں ، آٹا نہیں مل رہا ہے اور پھر بالخصوص یہ محکمہ فوڈ ڈیپارٹمنٹ جناب اس کی گندم کہیں بھی چیک کی جائے یہ احتسابی عمل جو شروع ہوا تو میں کہوں گا کہ یہ فوڈ ڈیپارٹمنٹ سے شروع کیا جائے 101 Kg مل والوں کو یہ گندم دے رہے ہیں لیکن موقع پر اگر چیک کیا جائے تو 95Kg ہوتا ہے PASCO جو گندم خرید کر دیتی ہے اس میں جناب پانچ سے دس کلو مٹی ڈالی جاتی ہے ادھر پانچ نومبر سے یہ ٹکا نامی کوئی آدمی تھا جو دس ہزار اور آٹھ ہزار روپیہ فی مل سے روزانہ وصول کرتا تھا اس کی بھی انکوائری کی جائے یہ پیپلز پارٹی کے دور کے کارنامے ہیں جن کو بھگتنا ہمیں پڑ رہا ہے اس لئے ہم یہ نہیں کہتے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس کی اصلاح ہو لیکن خدا را ! اس آٹے والے مسئلے کا حکومت فوری طور پر نوٹس لے اور جہاں جہاں shortage ہے وہاں پر بھی اور اسلام آباد کی آبادی پانچ لاکھ ہے اور یہاں 18 ملیں ہیں یہ جو NA-12 کا ایریا ہے جو پنجاب کے ساتھ ساتھ لگتا ہے گلیات تک ان کو آٹا فراہم کیا جائے اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے میری صبح بات ہوئی میں نے کہا جی گھوڑا گلی اور باڑیاں کے مقام پر جو بیرئیر لگائے گئے ہیں ان کو بھی اٹھایا جائے تاکہ لوگ کہیں سے بھی جس بھاؤ میں آٹا ملے وہ کم از کم لوگوں تک پہنچائیں ہمارے لئے یہ بڑی پریشانی کا باعث ہے ہم قانون سازی کریں یا لوگوں کو آٹا مہیا کریں ۔ یہ ممبروں کے لئے بہت پریشانی ہے اور صبح سے لے کر شام تک آٹے کی ہی بات چل رہی ہے ۔ اس حکومت کو یہ ورثے میں ملا ہے یہ ہماری پریشانیاں ہیں لیکن کہاں سے پیدا ہوئی اور کہاں سے یہ شروع ہوا اس کی تحقیقات کر کے جو جو اس میں آتے ہیں ان کا احتساب کیا جائے اور جن لوگوں کو پرمٹ ایشو کئے گئے ، جن لوگوں نے ایشو کئے ان کا احتساب کیا جائے بہت بہت مہربانی ۔

**جناب چیئرمین:** جی جناب آفتاب شیخ صاحب ۔

**جناب آفتاب احمد شیخ** ۔ جناب چیئرمین ! بات یہ ہے ممبران کا حق ہے کہ وہ حکومت پر تنقید کریں خصوصاً ایسے معاملے میں جو بالکل basic requirement یا ضرورت ہے اس ٹائم پر۔ لیکن اگر حکومت نے کوئی اچھا کام کیا ہے تو اس کو بھی واضح کرنا چاہئیے مثال کے طور پر پنجاب کے چیف منسٹر کی directives پر اخبارات کی اطلاع کے مطابق 40 ہزار آٹے کے تھیلے 20 Kg each یہ انہوں نے لکھا ہے 30 منگل بازار لگائے گئے price fix کیا گیا 123 فی 20 کلو

گرام تھیلے کا وہ لوگوں کو دیئے گئے اس کے بعد جتنی Floor Mills Associations ہیں ان سے رابطہ کیا گیا اور ان سے یہ کہا گیا کہ prices reduce کرو اور generally aata supply کرو لوگوں کو، تو جو اخبارات کی اطلاع تھی وہ یہ ہے کہ 80 کلو گرام بوری کی قیمت 560 سے کم کر کے 510 روپے پر فراہم کیا گیا اس کے علاوہ 30 سے اوپر fair price shops کھولے گئے اور انتظامیہ کے جو اعلیٰ عہدے دار ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، مجسٹریٹس، they have been asked to supervise the supply of aata on fair price shops in proper quantity, in proper bags. بات یہ نہیں ہے کہ آٹا کم ہے۔

میری عرض یہ ہے کہ یہ صحیح ہے کہ آٹے کا crisis تھا اور smuggling بھی ہے، تھی، آپ کے زمانے میں زیادہ تھی پرمٹ سسٹم کا سلسلہ بھی آپ کے زمانے میں بہت تھا اور وہ پرمٹ بیچے جاتے تھے یہ بھی آپ کو معلوم ہے لیکن میں جو بات کہنا چاہتا ہوں وہ یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ جو مشینری ہے اس کو gear up کیا جائے Magistrates, Additional District Magistrates, the DMs ان کو gear up کیا جائے fair price shops open کی جائیں۔ منگل بازار، اتوار بازار اور مختلف بازار لگائیں جائیں اور لوگوں کو fair prices پر آٹا supply کیا جائے۔ آٹے کا یہ fictitious اور جعلی crisis ہے اور یہ جعلی crisis create کیا گیا ہے اور یہ اس لئے کیا گیا ہے کہ یہ حکومت جو اتنے بھاری، اتنے بڑے mandate سے آئی ہے اس کو آتے ہی اس crisis میں ڈال دیا جائے اور تو کوئی طریقہ حکومت کو گرانے کا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی جگہ پر ہٹ کرو جو غریب اور امیر سب کی requirement ہے، وہ ہے آٹا۔ میں حقیقت میں وزیر اعلیٰ پنجاب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جس انداز سے اس نے آٹے کی situation کو پنجاب میں handle کیا ہے اور میں یہ چاہتا ہوں اور اس فلور سے یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ تمام provinces میں جہاں یہ جعلی قسم کا یہ قحط create کیا گیا ہے اس میں ایسا کیا جائے کہ قیمتوں کو کم کر کے قیمتیں مقرر کی جائیں، فلور مل ایسوسی ایشن سے بات کی جائے اور ان کو پابند کیا جائے کہ prices کو reduce کریں اور مال کو supply کریں اور بازار ہفتے میں تین تین چار چار دفعہ لگائے جائیں اور لوگوں کو آٹا supply کیا جائے supervised by the Magistrates, ADMs and DMs۔ تو کوئی crisis نہیں ہے۔ It will be over.

**جناب چیئرمین۔** جی جناب ملک عبدالرؤف صاحب۔

**Mian Raza Rabbani**: Sir, just one minute. Sir, I am just saying that on one side the honourable Senator quoted a newspaper that the prices of aata was so much, here is again another newspaper 'Dawn' which says that at shops 80 kg bags of aata is being sold for over Rs.750.

**Mr. Chairman**: Right. Yes, Malik Abdur Rauf Sahib.

**ملک عبد الرؤف**۔ جناب والا! اس میں کوئی شک نہیں کہ آٹا اور گندم افغانستان کو جاتیں ہیں جس کا اعتراف خود کل وزیر صاحب نے کیا ہے لیکن میں گزارش یہ کرتا ہوں اور کل بھی یہ بات میں نے کہی تھی کہ آٹے کی تقسیم اور اس کے ریٹ میں فرق ہے جس کی وجہ سے یہ آٹا آٹا کیا جا رہا ہے ۔ آٹے کا ریٹ اسلام آباد ' راولپنڈی کی فلور ملوں سے -/478روپے 80 Kg bags کے لئے گورنمنٹ نے مقرر کیا ہوا ہے اور یہی ریٹ فرنٹیئر میں 620/- per bag i.e 80 Kg مقرر کیا ہوا ہے ۔ پشاور میں جا کر یہ 1200 یا 1500 کے لگ بھگ فروخت ہوتا ہے۔ جناب والا! کیونکہ تقریباً -/150 روپے فی بوری میں فرق ہے ۔ گندم گورنمنٹ کراچی سے لے کر کوہستان تک ایک ہی ریٹ پر فلور ملوں کو ایشو کرتی ہے اس میں کوئی فرق نہیں ہے۔ تو جناب والا! یہ flat rate ایک ہی ہونا چاہئیے تاکہ یہ درمیان میں جو لوگ آ جاتے ہیں۔ مثلاً وہ لوگ آتے ہیں جنکا کوئی تعلق اس آٹے یا گندم سے نہیں ہے وہ محکمہ فوڈ کا ' وزیروں' کا مشیروں کا' وزیر اعظم کا چکر لگانا شروع کر دیتے ہیں کہ آٹے کی کمی ہے تو پھر وہ ان ملوں سے آٹا لے کر بلیک میں فروخت کرتے ہیں کیونکہ -/150 روپے فی بیگ فرق ہے۔ اگر آٹے کا ریٹ جیسے گورنمنٹ گندم پورے پاکستان میں ایک ہی ریٹ پر دے رہی ہے اسی طرح آٹے کا ریٹ صوبہ سرحد میں' پنجاب میں سندھ میں غرض ہر جگہ پر ایک ہونا چاہئیے تاکہ وہ لوگ جو صرف اس کام کے لئے آ جاتے ہیں وہ نہ آ سکیں اور آٹا ملوں سے direct دکاندار کو ملے یا consumer یعنی جو کھانے والا ہے اس کو ملے۔ اس کی ساری خرابی جو کی ہوئی ہے محکمہ خوراک نے یاجس نے بھی اس ریٹ کے تضاد میں' ایک جگہ اور ریٹ ہے اور دوسری جگہ اور ریٹ ہے اور درمیان میں وہ لوگ آجاتے ہیں جن کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے' وہ کوئی دکاندار نہیں ہے' کوئی بزنس مین نہیں ہے۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ اس کے ریٹ کو پورے ملک میں ایک کیا جائے۔

دوسرا جناب والا! پنجاب میں، یہاں اسلام آباد راولپنڈی میں، پورے پنجاب میں جو بیگ ہوتا ہے، خالی بوری ہوتی ہے وہ واپس لیتے ہیں محکمہ خوراک والے۔ صوبہ سرحد اور صوبہ سندھ میں وہ بوری گندم کے ساتھ دیتے ہیں اور وہ پندرہ روپے لیتے ہیں اور یہاں فلور ملوں والے تیس روپے بوری لے کر اس کی قیمت آٹے میں شامل کر لیتے ہیں۔ تو یہ جو تضاد ہے جناب والا! اس کوختم کرنے کے لئے آپ مہربانی کریں ورنہ یہ جو ہاؤس ہے یہ تو آٹے میں ہی پڑا رہے گا۔ تو آٹے کی کمی بھی نہیں ہے، کوئی بحران نہیں ہے میں سمجھتا ہوں یہ بحران وہی ہے جس طرح کہ اس سے پہلے کی حکومت نے پرمٹ دینے شروع کئے تھے اور اس حکومت نے بھی۔ تو میری یہ گزارش ہے کہ وزیر اعظم صاحب سے یہ کہیں کہ وزیروں کے پرمٹ سسٹم کو ختم کریں۔ یہ بدنام کردے گا اس حکومت کو، ان وزیروں کو، مشیروں کو، تو یہ جو آٹے کی آزادی ہے اور نقل و حمل جو ہے پورے پاکستان میں اس کی آزادی ہونی چاہئیے اور ان جگہوں پر وہ بارڈر سیل کی جائیں جہاں سے آٹا یا گندم دوسرے ملکوں کو جاتا ہے۔ تو اندرون ملک جب آپ کسی چیز پر پابندی کا نام لیتے ہیں تو وہ غائب ہوجاتی ہے۔ یا تو پابندی اس طرح ہو کہ کسی دوسرے صوبے یا ضلع میں مال نہ جائے پھر تو بات ہوئی یا یہ ہے کہ ایک آدمی کو یہ کہا جائے کہ آپ روٹی دو وقت کی جگہ ایک وقت کھائیں گے جیسا کہ وزیر اعظم صاحب نے ابھی شادی بیاہ پر پابندی لگائی اور قائم ہے اور وہ اس پر عمل ہو رہا ہے۔ جب روٹی ایک آدمی دو وقت کھا رہا ہے تو آٹے نے جانا ہے۔ جب آٹے نے جانا ہے، تو بجائے اس کے کہ اوپن جائے، کھلی مارکیٹ میں جائے تو پابندی کے ساتھ راستے میں بیریئر پاس کرتا ہوا، پیسے دیتا ہوا ٹرک جاتا ہے تو اس کا consumer پر اثر پڑتا ہے۔ تو اس لئے میری گزارش یہ ہے جناب والا! ایک تو ریٹ اگر پورے پاکستان میں ایک ہو، جب گندم حکومت سپلائی کر رہی ہے پورے پاکستان میں ایک ریٹ پر تو پھر اس کا بھی ایک ہی ریٹ ہو پورے پاکستان میں۔ دوسرا خالی بیگ پورے پاکستان میں ایک ہی اس کا طریقہ ہو۔تیسرا پابندی نہیں ہونی چاہئیے۔ چوتھا ریٹ پر fixation ہونی چاہئیے۔

**جناب چیئرمین۔** یہ ساری باتیں ہو گئی ہیں۔ یہ repeatition ہو رہی ہے۔ Any body else on this issue. Yes,Bashir Ahmed Matta sahib.

Mr. Bashir Ahmed Matta: Thank you, sir. Since the shortage of

wheat has caused considerable anxiety and even unrest in certain areas of the country and I am sure that the Government is cognizant of this matter in taking measures to control the situation. Would it not be, in order, for the Minister Incharge to make a formal and detailed statement on this issue before the House, so that the nation, as well as, the representatives of the nation know what the actual situation is and how it is going to be handled and how it is going to be controlled. Yesterday also, sir, you had agreed with the proposal that the Minister concerned should make a statement before the House.

جناب چیئرمین۔ نہیں آج اصل میں ان کی درخواست آئی ہوئی ہے کہ وہ کوئی Farmers Convention میں ہیں۔ Otherwise she would have been here.

Mr. Bashir Ahmed Matta: But I request that as soon as possible.

جناب چیئرمین۔ اب اتنی discussion کے بعد موشن کا کیا فائدہ۔ Discussion تو ہو گئی ہے Minister can make a statement. What I am saying is that Minister should make a statement and I am expecting she will make a statement لیکن اب دوبارہ موشن کا کیا مطلب ہے۔ یہ چیزیں دوبارہ repeat کرنا چاہتے ہیں۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اتنی detailed discussion کے بعد اب adjournment motion میں ہم کیا کریں گے۔

*(interruption)*

Mr. Chairman: If I understand it correctly, the purpose of adjournment motion is a discussion.

اب اتنی detailed discussion ہوئی ہے، وہ تو آدھا گھنٹا ہوتا ہے، یہ تو کوئی 45 منٹ ہو گئے ہیں۔

Mian Raza Rabbani: Sir, if it is admitted then there is a discussion for two hours.

جناب چیئرمین۔ نہیں وہ صحیح بات ہے لیکن ہوگئی ہے ناں discussion اب اور کچھ کرنا چاہتے ہیں تو اور کر لیں۔ لیکن اب میں موشن take up نہیں کروں گا۔ After this

discussion why do I take it up. If you want to talk about it more, please talk about it more. یعنی یہ تو نہیں ناں کہ آج بھی آدھا گھنٹہ کراؤں ، کل بھی آدھا گھنٹہ کراؤں ، یہ تو کوئی بات نہ ہوئی ناں۔

**Mian Raza Rabbani:** Sir, then you kill my adjournment motion.

**Mr. Chairman:** I will.

*(interruption)*

**Mr. Chairman:** I am telling you that, I will do that, please if you want to say anything, do that. Yes, Bashir Ahmed Matta sahib.

**Mr. Bashir Ahmed Matta:** Sir, first of all I take an exception to the intervention made by the Deputy Leader of the Opposition or what ever his designation is. Because now, he should reconcile himself to the new role that he dwelled upon. This House will be run by the Chairman and when a member of the House is on his feet, I think, the opposition member whether he is the Leader or the Deputy Leader must wait for his own turn. It is not a good practice in this House to intervene while another honourable member is speaking under the permission of the Chair. Finally and briefly, sir, I don't want to take much time, but I want to come to the guts of the problem and the matter and they did that the Minister should be asked in the question by the Chair that she or he should come and make a formal statement on this issue. So that the nation knows what steps the Government is taking for controlling the scarcity of wheat and wheat flour and whether there is hope in near future that this issue will be controlled, not under control, and the citizens of this country will again return and revert to normal life. That is all I wanted to submit.

**Mian Raza Rabbani:** Sir, on a point of personal explanation.

Mr. Chairman: Yes, please.

Mian Raza Rabbani: Sir, first of all I have a great deal of respect for the honourable Senator who was on his legs but I would like to state that none of us comes here to listen to lectures and advices of any other Senator. I spoke because I was recognized by the Chair and the Chair was speaking to me, therefore, I continued to speak, otherwise I am not in a habit of interrupting people but I also take strong exception to the fact that I should be told that I recognize my new role. I know my role very well and we are used to playing our role both in the Opposition and in the Government. Thank you, sir.

Mr. Chairman: Yes Mr. Bashir.

Mr. Bashir Ahmed Matta: I want to submit, sir, that while I was on my feet you did not ask me to sit down and he started conversing with you and if you responded and he has taken a cover under that response then I might suggested that when one member of the House is on his beet unless you ask him to sit down, please don't permit another to get up and speak whatever he wants to speak. Sir, when he has given a motion to be discussed in this House then he should wait for the time to come for that and it be taken formally by the House itself.

جناب چیئرمین : What I am saying is that when such a detailed discussion has taken place then, well, I am considering that, obviously I will get into account کہ بات تو ہو گئی ہے۔ this is what I am saying.

Mr. Bashir Ahmad Matta: Yes, sir. But what I want sir, the thing is that when one person is speaking and speaking on a matter of such national concern, I think all of us should respect his right to speak.

Mr. Chairman: Yes, you are right. Anybody else. Yes, please Lone Sahib.

Mr. Justice (Retd.) Muhammad Afzal Lone: Mr. Chairman, a small clarification. During the course of discussion, Senators have been attributed to the government for lifting the barriers. I may draw your kind attention to Article 151 of the Constitution and may submit that the free trade is a constitutional requirement and the imposition of barriers will be an exception. Kindly refer to Article 151:

"Subject to clause (2), trade, commerce and intercourse through province shall be free". There is a constitutional requirement that the trade between the provinces should be free and if the barriers were lifted or movement of the goods from one province to another that is in conformity with the requirements of the Constitution.

Mr.Chairman: Law as is under Clause (2).

Mr. Justice (Retd.) Muhammad Afzal Lone: Clause (2) says: "Majlis-e-Shoora (Parliament) may by law, impose such restrictions on the freedom of trade, commerce or intercourse between the province and sir, or within any part of Pakistan as may be required in the public interest. The moment so far as my knowledge goes, there is no such piece of legislation imposing restrictions on the movement of goods from one province to another. I recall, while in the High Court, a matter was brought to me and I had to issue a writ that the restrictions are unconstitutional. I don't know what is the present position. So far as legislation is concerned, perhaps the concerned Minister may be in a position to set a light on it. So, this is what I wanted to say.

جناب چیئرمین: Normally میرے خیال میں ۱۴۴ کا سہارا لیا جاتا ہے۔ Anybody else from this side.

Yes, please Gohar Ayub Khan Sahib.

------------------

*(At this moment a token walk out was staged by Mian Raza Rabbani alongwith his members)*

------------------

Mr. Chairman: Yes, please Gohar Ayub Khan Sahib.

Mr. Gohar Ayub Khan: Mr. Chairman, sir, yesterday I conveyed the sentiments of the House to the honourable Minister for Food and Agriculture and she assured me that she would give us a detailed statement on the floor of the Senate. As you have rightly pointed out she is busy somewhere else, all these points that have been raised today, I would be pointing out to her to elaborate in a statement and giving the main causes of this shortage. Main causes of this shortage are the ones that have been discussed here, those are not the main causes of the shortage. Even what I mentioned yesterday, those are not the main causes of the shortage. That is why I did not say anything beyond because the main causes she is the one who can give them and that is the details that she would give.

Mr. Chairman: Yes, please Raja Sahib, do you want to say something on this.

راجہ محمد ظفر الحق: تھوڑا سا یہ بیان کریں گے جی۔

Mr. Gohar Ayub Khan: Sir, there is definitely a shrotage of wheat in the country and then the shrotage of the wheat has been due to the

poor policy planning of the previous government, the gentlemen who have walked out, they had not planned the shipment problem. They had not planned to see what storage was in our godowns. They had not seen when the ships should arrive, how much the storage is in the provinces, when those ships should arrive? When the LCs should be opened and when the ships should be cleared and how that wheat should be transported to various godowns and storage areas that is where the main crunch has come, sir. Not the one that we have been talking about for the last two days. It is that Government and those individuals who have walked out.

Mr. Chairman: Please convey to the Minister for Food the point raised so that she can make a detailed statement.

Mr. Gohar Ayub Khan: I certainly will sir.

Mr. Chairman: Yes, Aftab Sheikh Sahib.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Sir, I right from the beginning seeking your permission to raise a point of some importance. Its a very grave point because its a slanderous and mischievous news appearing in the newspapers alleging a meeting of Mr. Altaf Hussain with Mirza Tahir in London is absolutely false, concocted and the creation of the figment of the imagination of that newspaper which has printed. I am grateful to you sir, that you have given me the opportunity to speak. From this floor I deny the news, I say this has been in fact planted, it is an inspired item, we reject it and we deny it with all force at our command. There were some Sindhi newspapers and I will also request you sir, that a reputation of an organization or a person is something very precious. The way the character has been assassinated, things are being attributed. We take strong

exception to these false allegations. I will also invite the attention of the concerned Minister here to look into these matters. Such wild allegations, such allegations which have no basis at all, alleging these things in the paper with a motive, infact there is a motive behind it, therefore, sir, I will submit that some help should be extended, some law should be brought into being in respect of such allegations which have far-reaching effect, if you just put this in the paper, people read it, they form their own impressions about this and what we deny some people may read, some people may not read. There should be law on this point. This is not the way of assassinating the character of anybody or any organization. A reputation is a very important and a very precious. So, therefore, sir, my humble submission is that this place, this floor, I will only use to reject this allegation, deny this allegation with all force at my command. No meeting has taken place at all. Absolutely false, concocted and baseless. Thank you.

Mr. Chairman: Anything else. Mushahid Hussain wants to respond to this.

Mr. Mushahid Hussain: Sir, he referred to the Information Ministry. First of all the Government has absolutely no control over what is published in the press because the press is free to publish what they want. Secondly, that this is an issue which concerns a certain political leader. I would request the honourable member that he can raise it with the newspaper concerned either through a court of law or talking to the editor and the reporter of the newspaper. Thirdly, at an institutional level the Ministry of Information is initiating a dialogue with the council of Pakistan Newspaper Editors. I have already written to them, they have already formulated a delegation to meet us to formulate a policy by

concensus on issues regarding false reporting, fabricated reporting or something libel or slander and that meeting will Inshallah take place next week so that we can agree on a code of ethics. But as far as this particular issue is concerned, the Government can do nothing about it.

Mr.Chairman: Yes, Shafquat Mehmood Sahib.

Mr. Shafquat Mehmood : Sir, I just wanted to come back to the point raised by the honourable Senator about Article 151 of the Constitution. The Constitution, as everybody knows, has been enforced in 1973 and repeatedly, since then, not only that inter-provincial trade has been stopped by the provincial governments but inter-districts movement of goods and commodities have been stopped by the respective Deputy Commissioners under Article 144. So what is then going on? Why are not the courts taking *suo moto* cognizance of this? Why are the Government continuing with a practice which on the reading of the Constitution seems to be against the provision of the Constitution. So, I think since this practice has been on for a long time and is continuing right now, there is a need to look into this matter because I remember myself using the same clause and its against Article 151 of the Constitution so will the Courts or this august House take cognizance of the fact that the 144 is being misused or that the provincial governments are doing without the consent of the President.

Mian Raza Rabbani: To make a very brief comments on what honourable senator has said I think that when the two Houses of the Parliament are present and when the provincial assemblies are functioning and particularly after the doing away with the 8th (Amendment) I think the parliament realises its responsibilities in the sphere of law making. I think it would be a better

proposition if the parliament had been allowed to function in the sphere of law making and if the anomalies in law or in the Constitution or various other laws were brought up and discussed in the parliament and the parliament was allowed to deal with those and make law in accordance with that rather than to refer matters or ask other institutions functioning under the Constitution to take *suo moto* notice of them and to try and indulge into the sphere of legislation. I think parliament is supreme, parliament is there to legislate, parliament is there to make laws and if there are anomalies in the law they should be pointed out on thefloor of the House, the government should respond to that, if the government doesnot respond the private members and I can assure you on behalf of the opposition that the opposition would be responding to such situation. We would be moving the Private Members Bill, we would be bringing it to the notice of the government but I would strongly desist and I would through you urge the various other forces that are now trying to create such a situation that certain other institutions functioning under the Constitution should take *suo moto* notice of the functions of the parliament. I do not think that is a healthy tradition in a parliamentary form of government.

**جناب چیئرمین**۔ملک عبدالرؤف صاحب ۔

**ملک عبدالرؤف**۔ جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے کہ اس ایوان کی ایک کمیٹی بنائی جائے جو اس آٹے اور گندم کے متعلق تفصیل کے ساتھ غور وخوض کرکے اپنی سفارشات پیش کرے۔ اس کے علاوہ میری یہ بھی گزارش ہے کہ وزیر خوراک صاحبہ یہاں تفصیلی بیان دیں گی تو وہ جو ہم نے گزارشات کی تھیں آٹے کے ریٹ اور پابندی وغیرہ کے متعلق وہ ان کے نوٹس میں لائی جائیں تاکہ ان کو بھی اس میں شامل کریں۔ شکریہ۔

Mr . Chairman: So the House is now adjourned to meet again tomorrow at 9, o clock.

---

*[The House then was adjourned to meet again tomorrow, the April 4, 1997, at nine of the clock in the morning.]*

---